© rasailojaraid.com



# جو عربی سے محبت نہیں کرتا وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت نہیں کرتا

پروفیسر ڈاکٹر سید کمال الدین
قائم مقام وائس چانسلر وفاقی اردو یونیورسٹی

جو عربی سے محبت نہیں کرتا وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت نہیں کرتا ہے اس لئے کہ دعویٰ محبت کا تقاضا ہے کہ ہم جس سے محبت کا تقاضا کرتے ہیں اس کی زبان سیکھنے کی کوشش کریں۔ اس جیسا بننے کی کوشش کریں اسلام دین فطرت ہے جملہ احکامات فطرت کے مطابق ہیں داڑھی مردانگی کی نشانی ہے جانوروں میں بہت سے نر ایسے ہیں جن کی داڑھی ہوتی ہے حیوانیات میرا سبجیکٹ ہے میں یہ بات تحقیق کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں

پردہ خواتین کی فطرت کے مطابق ہے اس لئے خواتین کو پردہ کرنا چاہئے دنیا کے کسی آسمانی مذہب میں اختلاط مرد و زن کی اجازت نہیں رہی ہے

ناجائز ذرائع سے حرام کمانا ہمیشہ حرام رہا ہے آج بہت سے لوگ مجھ سے خفا ہیں جبکہ نہ میں کھاتا ہوں نہ انہیں کھانے دیتا ہوں مجھے ہٹانا چاہتے ہیں لیکن مجھے اس کی فکر نہیں رہی

ڈاکٹر بدر الدین صاحب نے اور ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے اس شاندار سیمینار کے انعقاد کیلئے جو کوششیں کی ہیں اس پر میں انہیں مبارکباد دیتا ہوں اور مساوی سرٹیفکیٹ کے اجراء کا مطالبہ شعبہ عربی میں داخلوں کے مسائل انشاء اللہ حل کئے جائیں گے۔ ادارہ میں ڈاکٹر سید سلمان ندوی کی آمد پر ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں

© rasailojaraid.com